09-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ ہائی کورٹ نے مجالس مقامی میں پسماندہ طبقات کیلئے 42 فیصد تحفظات کے سرکاری حکم نامہ پر حکم التوا جاری کردیا ہے۔

۲۔پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت عدالتی فیصلہ کی نقل موصول ہونے کے بعد حکومت قانونی اور دستوری لائحہ عمل طئے کرے گی۔

۳۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے امریکی صنعت کاروں سے بھارت فیوچر سٹی کی تعمیر میں حصہ لینے کی درخواست کی ہے۔

۴۔مرکزی مملکتی وزیر صحت وخاندانی بہبود انوپریا پٹیل نے آج دہلی میں ٹوباکو فری یوتھ مہم 3.0 کا افتتاح کیا۔

CM-H1B

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے ہندوستانی مصنوعات پر ٹیکس میں اضافہ اور H1B ویزوں کی فیس میں اضافہ کے حالیہ امریکی اقدامات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے آج امریکہ کے تجارتی قائدین اور دیگر نمائندوں پر مشتمل ایک وفد کے ساتھ ملاقات کے دوران اپنی خیالات کا اظہار کیا۔ بھارت اور امریکہ کے درمیان دوطرفہ تعلقات، سرمایہ کاری اور پالیسی تبادلہ میں سرگرم اس وفد نے آج ڈاکٹر بی آر امبیڈکر ریاستی سکریٹریٹ میں چیف منسٹر اور آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو سے ملاقات کی۔ چیف منسٹر H1B ویزہ فیس میں حالیہ اضافہ کے اقدام سے دونوں ملکوں کی معیشت پر برا اثر پڑ سکتا ہے اور دونوں کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کرسکتا ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ حکومت تلنگانہ کو سال 2034ء تک ایک ٹریلین ڈالر اور 2047ء تک تین ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کا نشانہ رکھتی ہے۔انہوں نے بھارت فیوچر سٹی کی تعمیر میں شراکت کیلئے امریکی صنعتی پارٹنرس سے مدد کی درخواست کی۔

BJP:

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کریم نگر پارلیمانی حلقہ میں بی جے پی کے پولنگ بوتھ صدور سے کہا ہے کہ وہ آنے والے مجالس مقامی کے انتخابات کو وقار کا مسئلہ سمجھیں اور اپنے اپنے دیہاتوں اور منڈلوں میں بی جے پی امیدواروں کی کامیابی کے لئے کام کریں۔ کریم نگر، سرسلہ اور سدی پیٹ اضلاع کے سینئر لیڈروں اور پولنگ بوتھ صدور کے ساتھ ٹیلی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بنڈی سنجے نے کہا کہ بی جے پی انتخابات کیلئے مکمل طور پر تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی سروے سے پتہ چلتا ہے کہ پارٹی کیلئے رجحان سازگار ہے۔انہوں نے ٹکٹوں کے خواہشمند لیڈروں سے کہا کہ وہ اپنے کاغذاتِ نامزدگی تیار رکھیں اور پارٹی کی جانب سے جن امیدواروں کا اعلان کیا جاتا ہے ان کو تسلیم کریں۔انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت نے دیہاتوں کو ایک بھی پیسہ نہیں دیا ہے۔ بنڈی سنجے نے کہا کہ صرف بی جے پی ہی مرکز سے فنڈ حاصل کرتے ہوئے ترقی کو یقینی بنا سکتی ہے۔

CM - ELECTION

مجالس مقامی کے انتخابات کے سلسلہ میں چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج پارٹی کے سینئر قائدین اور کارکنوں کے ساتھ ایک زوم میٹنگ منعقد کی۔ اے آئی سی سی انچارج میناکشی نٹراجن، پردیش کانگریس کے صدر مہیش کمار گوڑ، اے آئی سی سی سکریٹری وشواناتھن، وزرا ڈی سی سی صدور، ارکان پارلیمنٹ، ایم ایل ایز اور ایم ایل سیز اور مقابلہ کرنے والے امیدواروں نے شرکت کی۔ چیف منسٹر نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت چیلنجوں کے باوجود انتخابی عمل کو آگے بڑھانے کا عزم رکھتی ہے۔انہوں نے تمام اضلاع کے انچارج وزرا سے کہا کہ وہ اہم قائدین کے ساتھ اجلاس منعقد کریں اور ریزرویشن پالیسی کے مطابق امیدواروں کو قطعیت دیں۔

WEATHER:

تلنگانہ میں آئندہ پانچ دن کے دوران اکا دوکا مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے بتایا کہ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق رہا۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع میں یکا دوکا مقامات پر شدید بارش ہوئی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ اسی مدت کے دوران ریاست میں اکا دوکا مقامات پر بارش ہوئی۔

BUS BHAVAN

تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کی جانب سے حیدرآباد میں بس کرایوں میں اضافہ کے خلاف اپوزیشن بھارت راشٹرا سمیتی نے اپنا احتجاج تیز کردیا ہے۔ پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے پارٹی کے دیگر سینئر قائدین کے ساتھ مل کر ٹی ایس آر ٹی سی کے مینجنگ ڈائرکٹر ناگیریڈی سے ملاقات کی اور انہیں ایک یادداشت پیش کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ کرایوں میں اضافہ واپس لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کرایوں میں اضافہ سے حیدرآباد کے شہریوں پر بوجھ بڑھ گیا ہے اور کانگریس حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اضافہ کو واپس لے۔ کے ٹی آر نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ ٹی ایس آر ٹی سی کے مسائل کو حل کرے اور اس کے ملازمین سے کیئے گئے وعدوں کو پورا کرے۔ اس سے قبل کے ٹی آر اور سابق وزیر ہریش راؤ کو پولیس نے ان کے مکانات پر نظر بند کردیا تھا۔ بعد میں پولیس نے انہیں اور دیگر قائدین کو بس بھون جانے کی اجازت دی۔ ٹی سرینواس یادو، پدماراؤ گوڑ اور دیگر قائدین کے ساتھ مل کر کے ٹی آر نے سکندرآباد میں رجمنٹل بازار بس اسٹاپ سے بس بھون تک بس میں سفر کیا۔ ان قائدین کو کارپوریشن کے مینجمنٹ کو یادداشت پیش کرنے کی اجازت دی گئی۔

TOBACCO

مرکزی مملکتی وزیر صحت و خاندانی بہبود انوپریا پٹیل نے آج دہلی میں ٹوباکو فری یوتھ مہم 3.0 کا افتتاح کیا۔ اِس 60 روزہ قومی مہم کے دوران بچوں اور نوجوانوں کو اِس بات کیلئے راغب کیا جائے گا کہ وہ تمباکو کا استعمال شروع نہ کریں اور جو لوگ اس عادت کو ترک کرنا چاہتے ہیں ان کی مدد کریں۔ اس مہم کا مقصد اسکولوں اور اعلیٰ تعلیم کے اداروں میں صحت کے ماحول کو فروغ دینا ہے۔ اس موقع پر انوپریا پٹیل نے کہا کہ ملک کے نوجوانوں کا ایک بڑا حصہ تمباکو کا عادی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نئے ملک کو تمباکو سے پاک کرنے اور نوجوانوں کو تمباکو سے بچانے کے لئے عظم کرلیا ہے۔

BYTE PATEL

اس پروگرام میں مرکزی وزیر نے طلبہ کو یہ حلف دلایا کہ وہ تمباکو کا استعمال نہیں کریں گے۔

KRISHI:

وزیر اعظم نریندر مودی ہفتہ کو دہلی میں پی ایم دھن دھنیا کرشی یوجنا اور دالوں میں آتمانر بھرتا مشن کا افتتاح کریں گے۔ مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے آج دہلی میں میڈیا کو بتایا کہ ملک گیہوں اور چاول کی پیداوار میں خود کفیل ہے لیکن اب وہ دالوں میں بھی خود کفیل بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دالوں کے زیر کاشت علاقے میں اضافہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پی ایم دھن دھنیا کرشی یوجنا اسکیم کا مقصد پیداواریت کو بڑھانا، مختلف اقسام کی فصلوں کو فروغ دینا اور آبپاشی کو بہتر بنانا ہے۔

HC:

تلنگانہ ہائی کورٹ نے مجالس مقامی میں پسماندہ طبقات کیلئے 42 فیصد تحفظات کے سرکاری حکم نامہ پر حکم التوا جاری کردیا ہے۔ عدالت نے عبوری احکام سناتے ہوئے تا حکم ثانی جی او کو معطل کردیا۔ عدالت کے اس فیصلہ سے ریاست میں مجالس مقامی کے انتخابات کے عمل پر عارضی طور پر روک لگ گئی ہے۔

عدالت نے حکومت اور ریاستی الیکشن کمیشن کو ہدایت دی کہ وہ آئندہ سماعت سے قبل جامع جوابی حلف نامہ داخل کریں۔ دو دن تک چلنے والی سماعت کے دوران حکومت کی طرف سے ایڈوکیٹ جنرل سدرشن ریڈی نے دلائل پیش کیئے۔ عدالت نے ریاستی حکومت کو ہدایت دی کہ وہ چار ہفتوں کے اندر جوابی حلف نامہ پیش کرے۔ عرضی گزاروں کو اس کا جواب داخل کرنے کے لئے دو ہفتوں کی مہلت دی گئی۔ اس مقدمہ کی سماعت چھ ہفتوں کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ اس دوران ریاست میں زیڈ پی ٹی سی اور ایم پی ٹی سی انتخابات کے پہلے مرحلہ کیلئے نامزدگیاں داخل کرنے کا عمل آج شروع ہوا۔ ریٹرننگ آفیسرس نے نوٹیفکیشن جاری کیئے جس کے ساتھ ہی انتخابی عمل شروع ہوگیا۔ تاہم ریاستی الیکشن کمیشن عدالت کے احکام کا جائزہ لینے کے بعد نامزدگیوں کے عمل کے بارے میں قطعی فیصلہ کرے گا۔

WOMEN'S CRICKET:

خواتین کے ایک روزہ ورلڈکپ کرکٹ میں بھارت اور جنوبی آفریقہ کے درمیان اس وقت میاچ جاری ہے۔ یہ میاچ دوپہر تین بجے شروع ہونا تھا لیکن وکٹ گیلی ہونے کی وجہ سے میاچ کے آغاز میں تاخیر ہوئی۔ جنوبی آفریقہ نے ٹاس جیت کر بھارت کو بیٹنگ کی دعوت دی۔ تازہ خبریں ملنے تک بھارت نے 23 اوورس میں 4 وکٹ کھوکر 94 رن بنائے۔

Ponnam

پسماندہ طبقات کی بہبود کے ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت مجالس مقامی میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات فراہم کرنے کی پابند ہے۔ جی او پر ہائی کورٹ کے عبوری اسٹے کے بعد انہوں نے کہا کہ عدالتی فیصلہ کی نقل موصول ہونے کے بعد حکومت قانونی اور دستوری لائحہ عمل طئے کرے گی۔ انہوں نے ہائی کورٹ میں جاری مقدمہ میں فریق نہ بننے پر بی آر ایس اور بی جے پی دونوں کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

○○